۵۔ عورتوں سے نیک سلوک کرو۔

سوال نمبر 3: انسانی مساوات پر ایک جامع نوٹ تحریر کریں؟

جواب: انسانی مساوات:

خطبہ حجتہ الوداع میں حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا! لوگوں اللہ کا ارشاد ہے کہ "انسانو! ہم نے تم سب کو ایک مرد و عورت سے پیدا کیا ہے اور تمہیں جماعتوں اور قبیلوں میں بانٹ دیا کہ تم الگ الگ پہچانے جا سکو تم میں سے زیادہ عزت و کرامت والا خدا کی نظر میں وہی ہے جو خدا سے زیادہ ڈرنے والا ہے چنانچہ اس آیت کی روشنی میں نہ کسی عربی کو عجمی پر فوقیت حاصل ہے اور نہ کسی عجمی کو عربی پر۔ نہ کالا گورے سے افضل ہے اور نہ گورا کالے سے، بزرگی اور فضیلت کا معیار صرف تقویٰ ہے۔ سارے انسان آدمؑ کی اولاد ہیں۔"

# اضافی معروضی سوالات

سوال نمبر ا: دیے گئے الفاظ یعنی الف / ب / ج / د میں سے درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔ ہر جزو کا ایک نمبر ہے۔

1۔ انسانی زندگی، عزت و ناموس اور مال و اسباب کا تحفظ کس نے فراہم کیا؟

(الف) آنحضور ﷺ کی سیرت طیبہ نے ✓

(ب) بزرگان نے

(ج) جنگوں نے (د) صحابہؓ نے

2۔ حضور ﷺ کے ارشاد کے مطابق انسان کو حق حاصل ہے کہ اس کے جان و مال کا تحفظ کرے۔

(الف) بھائی (ب) والد

(ج) معاشرہ ✓ (د) ہمسائے

3۔ حضور ﷺ نے اپنی سیرت کے ذریعے انسان کو کس کا حق دیا:

(الف) سیاست کا (ب) حکومت کا

(ج) برابری کا ✓ (د) برتری کا

4۔ حضرت محمد ﷺ نے اپنی سیرت کے ذریعے ملازموں اور خدمت گاروں کے ساتھ اپنے برابری کے سلوک سے نمونہ پیش کیا۔

(الف) نظریاتی (ب) عملی ✓

(ج) غیر منصفانہ (د) غیر عادلانہ

5۔ حضور ﷺ نے حقوق کی خاص طور پر تاکید کی ہے۔

(الف) بندوں کے (ب) فقیروں

(ج) ہمسایوں کے ✓ (د) دوستوں کے

6۔ نبی ﷺ نے فرمایا! جبرائیلؑ مجھے بار بار حسن سلوک کی تاکید کرتے رہے۔

(الف) والدین کے ساتھ (ب) مجاہدین کے ساتھ

(ج) پڑوسی کے ساتھ ✓ (د) بچوں کے ساتھ

7۔ نبی ﷺ نے فرمایا! جبرائیلؑ کی بار بار تاکید سے مجھے خیال ہوا کہ ہمسائے کو میرے ساتھ شریک کر دیں گے۔

(الف) زندگی میں (ب) جنگ میں

(ج) وراثت میں ✓ (د) کاروبار میں

8۔ ہر فرد کسی نہ کسی کا ہوتا ہے۔

(الف) دشمن (ب) دیوانہ

(ج) ہمسایہ ✓ (د) افسر

9۔ نبی ﷺ کے ارشادات کی روشنی میں والدین کو بہت سے ملے:

(الف) حقوق ✓ (ب) تحفظات

(ج) اموال (د) ارباب

10۔ نبی ﷺ نے بیمار کے بارے میں تاکید فرمائی۔

(الف) عیادت کی ✓ (ب) مدد کی

(ج) حفاظت کی (د) دوا کی

11۔ نبی ﷺ نے مزدور کو حق دیا کہ اس کی فوری طور پر ادا کی جائے۔

(الف) مزدوری ✓ (ب) تنخواہ

(ج) جائیداد (د) ملازمت

12۔ حضور ﷺ نے جنگی قیدیوں کے ساتھ مظاہرہ فرمایا۔

(الف) حسن سلوک کا ✓ (ب) ظلم کا

(ج) پریشانی کا (د) انتقامی کارروائی کا

13۔ نبی ﷺ نے انسان کا حق دیا۔

(الف) خلوت و عزلت کا ✓ (ب) مداخلت کا

(ج) عبادت کا (د) سوال کا

14۔ آپ ﷺ نے انسان کی خلوت و عزلت یعنی پرائیویسی کے حق میں منع کیا۔

(الف) مداخلت سے ✓ (ب) مدافعت سے

(ج) معاونت سے (د) تعاون سے

15۔ اللہ تعالیٰ نے انسانوں کو کس سے پیدا کیا۔

(الف) مرد اور عورت سے ✓ (ب) عورت سے

(ج) مرد سے (د) پانی سے

16۔ اللہ تعالیٰ نے انسانوں کو مرد اور عورت سے پیدا کرنے کے بعد بانٹ دیا۔

(الف) جماعتوں اور قبیلوں میں ✓ (ب) گروہوں میں

(ج) فرقوں میں (د) لوگوں میں

17۔ اللہ تعالیٰ نے انسانوں کو قبیلوں اور جماعتوں میں بانٹ دیا تاکہ وہ۔

(الف) پہچانے جاسکیں ✓ (ب) اکٹھے نہ ہوسکیں

(ج) حملہ نہ کرسکیں (د) اتحاد نہ کرسکیں

18۔ بزرگی اور فضیلت کا معیار صرف ہے۔

(الف) مال (ب) دولت

(ج) بیٹے (د) تقویٰ ✓

19۔ آدمؑ کی حقیقت اس کے سوا کچھ نہیں کہ وہ بنائے گئے۔

(الف) پانی سے (ب) سونے سے

(ج) چاندی سے (د) مٹی سے ✓

20۔ نبی ﷺ نے فرمایا فضیلت اور برتری کے سارے دعوے خون و مال کے بارے میں مطالبے اور انتقام میرے پاؤں تلے۔

(الف) روندے جا چکے ہیں ✓ (ب) موجود ہیں

(ج) تیر رہے ہیں (د) ڈوب رہے ہیں

21۔ آپ نے فرمایا قتل عمد کا لیا جائے۔

(الف) روپیہ (ب) جزیہ

(ج) قصاص ✓ (د) فدیہ

22۔ وہ قتل جو غیر ارادی طور پر لاٹھی یا پتھر لگنے سے کوئی ہلاک ہو جائے۔

(الف) قتل عمد ہے (ب) قتال

(ج) جہاد ہے (د) قتل غیر عمد ہے ✓

23۔ جان بوجھ کر اور ارادے سے کیا جانے والا قتل، کہلاتا ہے۔

(الف) قتل عمد ✓ (ب) قتل غیر عمد

(ج) حادثہ (د) اتفاق

24۔ قتل غیر عمد میں دیت ہے۔

(الف) سو اونٹ ✓ (ب) دو سو اونٹ

(ج) تین سو اونٹ (د) چار سو اونٹ

25۔ سو اونٹوں سے زیادہ دیت طلب کرنے والا کن لوگوں میں شمار ہو گا۔

(الف) جدید دور کے (ب) زمانہ قدیم کے

(ج) قرون وسطیٰ کے (د) زمانہ جاہلیت کے ✓

26۔ نبی ﷺ نے فرمایا میرے بعد گمراہ نہ ہو جانا کہ آپس میں مارنے لگو۔

(الف) پتھر (ب) اینٹ

(ج) جانور (د) گردنیں ✓

27۔ آپ ﷺ نے فرمایا! دیکھا میں نے پہنچا دیا ہے۔

(الف) حق ✓ (ب) خط

(ج) مال (د) کام

28۔ پس اگر کسی کے پاس امانت رکھوائی جائے تو وہ امانت رکھوانے والے کو پہنچانے کا۔۔۔۔۔۔۔۔ ہے۔

(الف) پابند ✓ (ب) پابند نہیں

(ج) زمہ دار نہیں (د) چوکیدار نہیں

29۔ نبی ﷺ نے کس قسم کے کاروبار کو ممنوع قرار دیا۔

(الف) سود ✓ (ب) تجارت

(ج) مزدوری (د) ملازمت

30۔ لوگو! خدا نے۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ہر وارث کا جداگانہ حصہ مقرر کر دیا ہے۔

(الف) میراث میں ✓ (ب) ملک میں

(ج) ریاست میں (د) گھروں میں

31۔ نبی ﷺ نے فرمایا! اب وارث کے حق میں ایک تہائی سے زائد جائز نہیں۔

(الف) ہدایت (ب) بخشش

(ج) وصیت ✓ (د) نصیحت

TopStudyWorld

32۔ وارث کے حق میں کتنی وصیت جائز ہے۔

(الف) 1/3 ✓ (ب) 1/2

(ج) 1/4 (د) 1/5

33۔ حرام کاری کی سزا ہے۔

(الف) گولی مارنا (ب) سنگسار ✓

(ج) گولہ باری (د) تلوار

34۔ نبی ﷺ نے فرمایا عاریتاً لی ہوئی چیز واپس کرنی چاہیے۔

(الف) فوری ✓ (ب) دیر سے

(ج) قسطوں پر (د) مرضی سے

35۔ بدلہ دینا چاہیے۔

(الف) تحفے کا ✓ (ب) حساب کا

(ج) جواب کا (د) سلام کا

36۔ جو کوئی ضامن بنے تو اسے ادا کرنا چاہیے۔

(الف) تاوان ✓ (ب) ٹیکس

(ج) قرض (د) جرمانہ

37۔ اپنے جرم کا خود ہی ذمہ دار ہو گا۔

(الف) مجرم ✓ (ب) مجرم کا باپ

(ج) مجرم کا بھائی (د) مجرم کا ہمسایہ

TopStudyWorld

38۔ تمہاری بیویوں پر تمہارا حق ہے کہ تمہارے گھر میں داخل نہ ہونے دیں ایسے لوگوں کو جنہیں تم ۔۔۔۔۔ کرتے ہو۔

(الف) پسند (ب) نفرت

(ج) محبت (د) ناپسند ✓

39۔ عورتوں کو ۔۔۔۔۔ کام نہیں کرنا چاہیے۔

(الف) معیوب ✓ (ب) خاوند کا

(ج) والدین کا (د) پڑوسیوں کا

40۔ نبی ﷺ نے فرمایا عورتوں کے بارے میں ۔۔۔۔۔ کام لو۔

(الف) سختی سے (ب) فراخ دلی سے ✓

(ج) کرختگی سے (د) زور سے

41۔ عورتیں کوئی املاک نہیں تم نے انہیں ۔۔۔۔۔ امانت کے طور پر قبول کیا ہے۔

(الف) خدا کی ✓ (ب) ماں باپ کی

(ج) اساتذہ کی (د) رشتہ داروں کی

42۔ آپ ﷺ نے کن کے بارے میں اللہ سے ڈرنے اور حسن سلوک کا حکم دیا ہے۔

(الف) ماں باپ کے بارے میں (ب) قانون کے بارے میں

(ج) عورتوں کے بارے میں ✓ (د) دوستوں کے بارے میں

43۔ کسی عورت کو جائز نہیں کہ وہ شوہر کا مال ۔۔۔۔۔ کسی کو دے۔

(الف) ادھار (ب) اجازت کے بغیر ✓

(ج) قرض کے طور پر (د) امانت کے طور پر

44۔ ہر مسلمان دوسرے مسلمان کا ہے۔

(الف) بھائی ✓ (ب) رشتے دار

(ج) دوست (د) دشمن

45۔ کسی کے لیے جائز نہیں کہ وہ مسلمان بھائی سے کچھ لے سوائے اس کے جسے اس کا بھائی عطا کر دے۔

(الف) ڈر کر (ب) خوف زدہ ہو کر

(ج) برضا اور رغبت ✓ (د) مجبور ہو کر

46۔ اگر غلام خطا کریں جسے تم معاف نہ کرنا چاہو تو انہیں۔

(الف) سزا دو (ب) قتل کر دو

(ج) فروخت کر دو ✓ (د) باندھ دو

47۔ پڑوسی کے بارے میں بار بار تاکید کرتے رہے۔

(الف) حضرت عزرائیلؑ (ب) حضرت میکائیلؑ

(ج) حضرت جبرائیلؑ ✓ (د) حضرت اسرافیلؑ

48۔ جناب رسول اللہؐ نے خطبہ حجتہ الوداع میں خاص طور پر تاکید فرمائی۔

(الف) رشتہ داروں کے حقوق (ب) ہمسایوں کے حقوق ✓

(ج) ماں باپ کے حقوق (د) اولاد کے حقوق

49۔ قرآن پاک کی رو سے ترکہ کے زیادہ حق دار ہیں۔

(الف) رشتہ دار ✓ (ب) دوست

(ج) ہمسائے (د) منہ بولے بیٹے